1505 ۔ کچھ لوگ جمع ہوکرایک ایک پارہ پڑھیں تو کیا یہ ایک قرآن ختم کرنا شمار ہوگا

سوال

کچھ لوگ اکٹھے ہوکرختم قرآن کریم کی تقریب میں ایک ایک پارہ پڑھتے اوریہ دعوی کرتے ہیں کہ اس تقریب میں ایک قرآن ختم ہواہے ، تو کیا یہ عمل جائز ہے یاکہ بدعت شمار ہوگا ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

میری رآئے کے مطابق یہ عمل ناجائز ہے اورمیرے علم کے مطابق نہ ہی ایسا کام سلف سے منقول ہے ، اور انسان کوثواب تو اس سے حاصل ہوگا جو وہ خود پڑھے یا پھر جس قرآت سے استفادہ کے لئے خاموشی اختیارکرے ۔

لیکن غیر کی قرآت جس کووہ سنے بھی نہ اس کا اجر تو اس کاملےگا جس نے اس کی تلاوت کی ، اوران لوگوں کا پڑھاہوا قرآن مجید ختم کرنا شمار نہیں کیا جائے گا بلکہ ہرایک نے ایک ایک پارہ پڑھا ہے تو ہرایک کو اس ایک پارے کا اجرو ثواب ملے گا ۔

ان لوگوں کو ایسا کام نہیں کرنا چاہئے بلکہ ایک پڑھے اور باقی سنیں اور یا پھر ہر ایک اپنا قرآن مکمل ختم کرے اس میں دوسرے کا اعتبار نہ کرے ۔ .